24اکتوبر2019ء

بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کو ان کے بینک اکاؤنٹس کی بایو میٹرک تصدیق کے لیے اسٹیٹ بینک کی طرف سے سہولت

بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کی اُن مشکلات کے پیشِ نظر، جو اُنہیں اپنے بینک اکاؤنٹس کی بایو میٹرک تصدیق نہ ہونے کی بنا پر ان اکاؤنٹس کے استعمال میں ہو رہی ہے، اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اُن کی بایو میٹرک تصدیق میں سہولت فراہم کرنے کے لیے متبادل انتظامات پر تفصیلی ہدایات جاری کر دی ہیں۔

متبادل انتظامات کے تحت بیرون ملک مقیم پاکستانی خواتین و حضرات اپنے متعلقہ بینک سے بذریعہ ای میل / عام ڈاک رابطہ کریں اور اپنی شناختی دستاویزات جیسے مؤثر پاسپورٹ، ویزا، سی این آئی سی اور نیکوپ (قومی شناختی کارڈ برائے بیرون ملک مقیم پاکستانی) اسے فراہم کریں، یہ دستاویزات بایو میٹرک تصدیق کے لیے بطور متبادل قبول کی جائیں گی تاکہ وہ اپنے بینک اکاؤنٹس حسبِ معمول استعمال کر سکیں۔ اس سلسلے میں بایو میٹرک تصدیق کے بارے میں تفصیلی ہدایات اس لنک پر دستیاب ہیں:

http://www.sbp.org.pk/bprd/2019/CL16.htm

یہ انتظامات بایو میٹرک تصدیق کے حوالے سے بینکاری صنعت کی پیش رفت پر اسٹیٹ بینک کے مستقل نظر رکھنے کے عین مطابق ہے اور بینکوں کو یاددہانی کرائی گئی ہے کہ وہ اپنے بیرونِ ملک مقیم صارفین کو اپنا ہر ممکن تعاون فراہم کریں۔

******